© rasailojaraid.com



اس کے بعد جب روس میں انقلاب ہوا اور سامراجی وسرمایہ داری کے کھنڈروں پر سوویٹ یونین کی عمارت کھڑی ہوئی تو یہاں کی قوموں کی الگ الگ خود مختار جمہوریتیں قائم کرکے جن کی مجموعی تعداد اب اسوقت سولہ ہے ان سب کو ایک وفاقی نظام سے وابستہ کردیا گیا۔ سجاد صاحب نے بتایا ہے کہ یہ سولہ جمہوریتیں کون کون سی ہیں۔ ان کی آبادی کتنی اور علاقے کون کون سے ہیں۔ ان اقوام کے آئینی حقوق کیا ہیں؟ یہ اقوام اپنی اس نئی زندگی میں تمدن وتہذیب کے ہر شعبہ میں کس رفتار سے ترقی کررہی ہیں۔ اور ان میں باہمی یگانگت۔ اتحاد اور یکجہتی کس حدتک پائی جاتی ہے۔

| قرآن مجید پارۂ الم مع ترجمہ وتفسیر ومعانی الفاظ | مرتبہ شعبۂ اشاعتِ قرآن ادارۂ دارالاسلام۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۹۶ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ متوسط قیمت ۱۰ر |
|---|---|

پنجاب میں پٹھان کوٹ کے متصل کئی سال سے ایک ادارہ دارالاسلام کے نام سے قائم ہے جس کا مقصد قرآن کے مضامین ومعانی کی سہل طریقہ پر زیادہ سے زیادہ اشاعت ہے اس غرض وغایت کے پیش نظر اس ادارہ کی جانب سے ایک ماہوار رسالہ "دارالاسلام" کے نام سے بھی شائع ہوتا ہے جس میں زیادہ تر قرآن کی تفسیر اور اس کے معانی ومطالب کی تشریح وتوضیح سے متعلق ہی مقالات ہوتے ہیں۔ زیر تبصرہ پرچہ دارالاسلام کا خاص نمبر ہے جو تین مہینوں کے پرچوں کی یکجائی اشاعت پر مشتمل ہے۔ یہ خاص نمبر سورۂ فاتحہ اور پارۂ الم کی تفسیر وتوضیح مطالب سے متعلق ہے۔

ترتیب کی صورت یہ ہے کہ ہر صفحہ پر دو کالم بنائے گئے ہیں پہلے کالم میں قرآن مجید کی آیات قرآن مجید کے عام نسخوں کی طرح عربی کے معروف رسم الخط میں لکھی گئی ہیں اور ان کے نیچے اردو ترجمہ لکھا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں انھیں آیات کو اس طرح لکھا ہے کہ ایک ایک کلمہ الگ الگ نظر آتا ہے پھر اس کے نیچے ہر لفظ کا ترجمہ الگ الگ تحریر کیا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ جو لوگ عربی زبان سے واقف نہیں ہیں وہ بھی یہ معلوم کرسکیں کہ اس آیت میں کس لفظ کا ترجمہ کیا ہے؟ مثلاً



© rasailojaraid.com